ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان کرکٹ بورڈ کے تحت خواتین کرکٹرز کے ٹرائلز

لاہور 22 اگست، 2023:

پاکستان کرکٹ بورڈ ملک میں باصلاحیت خواتین کرکٹرز کی تلاش کی حکمت عملی کے تحت گراس روٹ لیول پر ٹرائلز کا انعقاد کر رہا ہے۔ یہ ٹرائلز 23 سے 31 اگست تک آٹھ اکیڈمیز کے منعقد ہونگے۔

یہ ٹرائلز مختلف عمر کی خواتین کرکٹرز کو اپنی صلاحیت دکھانے اور آگے بڑھنے کا موقع فراہم کرینگے۔

ان ٹرائلز کی نگرانی قومی ویمنز سلیکشن کمیٹی کرے گی جس کے سربراہ سابق ٹیسٹ کرکٹر سلیم جعفر ہیں اور اس میں سابق انٹرنیشنل کرکٹرز مرینہ اقبال اور اسماویہ اقبال شامل ہیں۔

یہ ٹرائلز تین کیٹگریز انڈر 19۔ (کھلاڑی کی پیدائش یکم ستمبر 2004 یا اس کے بعد کی ہو) ایمرجنگ اور سینئر میں ہونگے۔

ٹرائلز سے سلیکشن کمیٹی کو ٹیلنٹ تلاش کرنے اور پاکستان انڈر 19۔ اور ایمرجنگ اسکواڈز کے سلیکشن میں مدد ملے گی۔ پاکستان ایمرجنگ ٹیم اکتوبر میں ویسٹ انڈیز ایمرجنگ اور پاکستان انڈر 19 ٹیم بنگلہ دیش میں جنوری 2024 میں انڈر 19 کے تین ملکی ٹورنامنٹ میں حصہ لے گی۔

ویمنز کرکٹ کی ہیڈ تانیہ ملک کا کہنا ہے کہ ہم نے حال ہی میں پہلی مرتبہ 74 خواتین کرکٹرز کے لیے ڈومیسٹک کنٹریکٹس کا اعلان کیا ہے جس نے خواتین کرکٹ کے روشن مستقبل کے ضمن میں ایک شکل واضح کردی ہے۔ ملک گیر ٹرائلز کے ذریعے ہم نئی باصلاحیت کرکٹرز کو آگے لانے کے لیے کوشاں ہیں۔ آنے والے دنوں میں خواتین کرکٹرز کے کئی ایونٹس ہیں اور ان ٹرائلز سے ہمیں بہترین ٹیلنٹ تلاش کرنے میں مدد ملے گی تاکہ سلیکٹرز انہیں قومی اسکواڈز کے لیے زیرغور لاسکیں۔

آٹھ اکیڈمیز کے خواتین کرکٹرز کے ٹرائلز کا شیڈول اس طرح ہے۔

23 اگست۔ حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر کراچی۔

23 اگست۔ انضمام الحق ہائی پرفارمنس سینٹر ملتان۔

24 اگست۔ ویمن اسپورٹس سینٹر بہاولپور۔

24 اگست۔ کینئرڈ کالج فار ویمن لاہور۔

28 اگست۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم۔ راولپنڈی / اسلام آباد ریجنز۔

29 اگست۔ قیوم اسٹیڈیم پشاور۔

30 اگست۔ ایبٹ آباد اسٹیڈیم ایبٹ آباد۔

31 اگست۔ بگٹی اسٹیڈیم کوئٹہ۔

ENDS -

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Pathway Cricket Programme

Broadcast & Live Streaming Partners

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial